Australian Government
Department of Infrastructure, Transport, Regional Development, Communications and the Arts

بچوں کے لیے کیا موزوں ہے؟

اردو | Urdu

دیکھنے اور کھیلنے کے لیے مواد کا انتخاب کرنا

کسی فلم اور گیم کی ریٹنگ اور صارفین کے لیے مشورہ آپ کو اپنے بچے کے لیے صحیح مواد کا انتخاب کرنے میں مدد کرتے ہیں۔

یہ ریٹنگز ہیں: G, PG, M, MA 15+, اور R 18+. صارفین کے لیے مشورہ یا کنزیومر ایڈوائس میں عام طور پر چھ درجہ بندی کرنے والے عناصر کے حوالے شامل ہوتے ہیں: موضوعات، تشدد، زبان، منشیات کا استعمال، عریانیت اور جنسی عمل۔

آپ 'ریٹنگ کا کیا مطلب ہے؟' پر ہر ریٹنگ کا مطلب جان سکتے ہیں۔

یہ معلومات آپ کو یہ بتائے گی کہ فلم (یا قسط) یا کمپیوٹر گیم میں کس قسم کا مواد موجود ہے۔ آپ اس معلومات کا استعمال یہ فیصلہ کرنے کے لیے کر سکتے ہیں کہ آیا آپ کے بچے کو فلم دیکھنی چاہیے یا گیم کھیلنی چاہیے یا اس میں ایسا مواد ہے جو اسے پریشان کر سکتا ہے یا نامناسب ہو سکتا ہے۔

پیرنٹل کنٹرولز نامناسب مواد تک رسائی کو محدود کرنے میں بھی آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

ریٹنگ اور صارفین کے لیے مشورہ یا کنزیومر ایڈوائس چیک کریں

آپ نیشنل کلاسیفیکیشن ڈیٹا بیس (NCD) پر بھی کسی فلم یا کمپیوٹر گیم کے لیے ریٹنگ اور صارفین کے لیے مشورہ ڈھونڈ سکتے ہیں۔

NCD سے پتہ چلتا ہے کہ آیا چھ میں سے کوئی قابل درجہ بندی عناصر (موضوعات، تشدد، زبان، منشیات کا استعمال، عریانیت اور جنسی عمل) موجود ہیں اور اثرات کا لیول کیا ہے۔ آپ 'یہ درجہ بندی کیوں؟' سیکشن میں بھی اس بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں کہ کسی فلم یا کمپیوٹر گیم کی مخصوص درجہ بندی کیوں ہوتی ہے۔

ریٹنگ اور صارفین کے لیے مشورہ سٹریمنگ سروسز، آن لائن گیمنگ اسٹور فرنٹ، ڈیجیٹل ڈاؤن لوڈ، سنیما، DVDs، بلو رے اور کمپیوٹر گیم پیکیجنگ پر دکھائے جاتے ہیں۔ فلموں اور کمپیوٹر گیمز کے اشتہارات میں ریٹنگ کی معلومات بھی شامل ہو سکتی ہیں۔

پیرنٹل کنٹرولز استعمال کریں

آپ کا بچہ کس قسم کے مواد کی آن لائن رسائی کر سکتا ہے، اس کی نگرانی اور اسے محدود کرنے کے لیے آپ پیرنٹل کنٹرولز کا استعمال کر سکتے ہیں۔ زیادہ تر اسٹریمنگ سروسز، کمپیوٹر گیم کنسولز اور ڈیجیٹل ڈیوائسز عمر کی بنیاد پر پیرنٹل کنٹرولز فراہم کرتی ہیں۔ بہت سے آپ کو ریٹنگ کی بنیاد پر مواد تک رسائی کو بلاک کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔

ای سیفٹی کمشنر کے پاس پیرنٹل کنٹرولز اور ان کے استعمال کے بارے میں مزید معلومات موجود ہیں۔